20034- غرارے کرنے کا محلول الکحل پر مشتمل ہے

سوال

مجھے کسی نے کہا ہے کہ (Listerine) محلول استعمال کروں، یہ محلول منہ کا اندرونی حصہ دھونے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، سبب یہ ہے کہ اس میں الکحل پایا جاتا ہے، اور اگر یہ الکحل نشہ آور نہ ہو، تو کیا اس کے علاوہ اور بھی کوئی سبب پایا جاتا ہے جس کی بنا پر حرام ہو، یا کہ اسے استعمال کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو یہ محلول غیر نشہ آور مادہ پر مشتمل ہے، اور اس میں کوئی ضرر نہ ہو تو اسے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ صرف وہ حرام ہے جو نشہ آور ہو.

الشیخ سعد الحمید.

اس حالت میں اس مشروب کو دیکھا جائیگا کہ اگر اس کی زیادہ مقدار نشہ آور ہو تو پھر اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہوگی.

واللہ اعلم.